www.wilayattimes.com
اشاعت کا دوسرا سال

ہفت روزہ ولایت ٹائمز سرینگر

WILAYAT TIMES

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:3 ☆ شمارہ نمبر:07 ☆ تاریخ:17 اپریل تا 23 اپریل 2017ء بمطابق 20 رجب تا 26 رجب 1438ھ ☆ صفحات:8

کتاب عشق دو باب است کربلا و دمشق
یکی حسینؑ رقم کرد دیگری زینب (س)

خانہ جنگی کی طرف بڑھتا ہوا کشمیر!

ازقلم:الطاف حسین ندوی (کشمیر)

کشمیر معصوم انسانوں کے خون سے لالہ زار خطے کا نام ہے جہاں جان ومال اور عزت و آبرو نہ صرف غیر محفوظ ہیں بلکہ بسااوقات ان کے ساتھ کھلواڑ کرنے کو بھی جائز تصور کیا جاتا ہے۔ یہاں جوان ہی نہیں بچے، بوڑھے اور عورتیں تک قتل کئے جاتیں ہیں۔ یہ دنیا کا وہ خطہ ہے جہاں سڑکوں پر انسانوں کو کیمروں کے سامنے قتل کیا جاتا ہے اور ان کی آنکھیں چھین لی جاتی ہیں۔ یہاں نابالغ لڑکوں کو سنگبازی کے جرم میں "انتہائی مطلوب" قرار دیکر گرفتار کر کے انسانیت کش کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جموں کے تپتی ہوئی سرزمین کے آگ اگلتے کنکریٹ جیلوں میں بند کیا جاتا ہے۔ یہاں پاپاٹو سے لیکر جے، آئی سیز اور تھانوں تک ہزاروں انسانوں کو ذلیل وخوار کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی جاتی ہے۔ یہاں سرکاری عسکری تنظیم "اخوان" کے ذریعے ہزاروں انسانوں کو ککہ پرے، پاپہ کشتواڑی، پپہ جن، نبہ آزاد اور سیٹھا گوجر جیسے ہزاروں سفاک قاتلوں کے ہاتھوں قتل کرا کے جمہوریت کا اصلی چہرہ دکھا کر بھارت کے اجتماعی ضمیر کو مطمئن کرنے کی بھرپور کوشش کی جاتی ہے۔ یہاں کنن پوشہ پورہ سے لیکر پونچھ اور راجوری تک ہزاروں ماؤں کی عزتیں اس لئے لوٹی گئیں کہ ان کے مرد ایک ایسی تحریک سے ہمدردی رکھتے ہیں جو آزادی کا مطالبہ کرتی ہے۔ یہاں دانشوروں، علماء، صحافیوں، وکلاء، ڈاکٹروں، ائمہ، تاجروں اور مزدوروں کو صرف اس لئے مارا گیا کہ وہ قاتلوں کے من مزاج کے برعکس سوچنے کا حوصلہ کرتے تھے۔

یہ جنگ سے پامال وہ وادی ہے جس کے حسن نے دنیا کے کروڑوں انسانوں کو چند اطمینان کی سانسیں عطا کیں مگر خود یہ اسی کے باسیوں کے لئے کسی جہنم سے کم نہیں ہے اس لئے کہ انہیں یہاں بسنے کے لئے اپنی شناخت کرانی پڑتی ہے۔ کریک ڈاؤنوں، چھاپوں اور محاصروں میں بیٹے کو والدین سے الگ کر کے تفتیش کی جاتی ہے اور بسااوقات ان میں کئی واپس برسہا برس بعد تب آئے جب ان کی کالی داڑھی مکمل سفید ہو چکی تھی اور بعض ابھی تک لاپتہ ہیں اور ان کے زندہ وارثین اپنوں کے تلاش میں دہائیاں گذر جانے کے بعد اپنے آپ میں گمشدہ نظر آتے ہیں۔ اس قوم کے بچوں کی زبان سے ابا امی، دادادادی اور بھائی بہن کے الفاظ کے برعکس اب کریک ڈاون، محاصرہ، چھاپہ، تلاشی، شناختی پریڈ، فائرنگ، بم، سرنگ، پیلیٹ، پاوا، ساونڈ شل، مارٹر، راکٹ اور گولی سنائی دیتے ہیں۔ اس کی مائیں جگر پاش صورتحال سے دوچار ہیں کہ کوئی بھروسہ نہیں اسکول گیا لعل واپس زندہ پہنچے گا بھی کہ نہیں!

اس قوم کو کبھی سکھ کا سانس نصیب نہیں ہوا! کبھی اس کو مغلوں، پٹھانوں، سکھوں اور ڈوگروں نے محکوم ومغلوب اور کبھی اس کو بھارت کے برہمن برادری نے پامال کردیا۔ گذشتہ ستر برس کی غلامی نے اس کو اس سطح تک پہنچادیا ہے کہ اب یہ حیران و پریشان یہ سمجھنے سے بھی قاصر ہیں کہ اس کو کب، کیسے اور کس طرح کرنا چاہیے اور تو اور بھارت کی برہمن برادری نے اس کو اس حد تک بگاڑ کا شکار کردیا ہے کہ یہ بسااوقات خود آپس میں الجھ کر جنگ وجدال پر اتر آتا ہے۔ آج ہی نہیں ہم کئی مرتبہ ایک دوسرے سے ہی الجھ گئے اور برہمن سامراج نے اس کا بھرپور فائدہ اٹھا کر نہ صرف پوری ریاست کو اپنی لونڈی بنالیا بلکہ خصوصی پوزیشن کو بھی کھوکھلا کر کے صرف لیز اور اسٹیٹ سبجیکٹ والے آپشن کو باقی چھوڑا ہے۔ 1947ء سے لیکر اب تک ہم کو دلی نے ایک ایسے جھال میں پھنسا رکھا ہے کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے سے بھی ہم نہیں چوکے۔ 1990ء میں ہم نے جہاد اور آزادی کی ولولہ انگیز تحریک کو بھی اپنی انا اور تنظیمی بالادستی کے نذر کردیا۔ ہم نے خود ایک دوسرے کی گردنیں کاٹی اور اپنوں سے ہتھیار چھین کر دلی کی معاونت کی۔ ہم نے الحاق پاکستان یا خودمختار کشمیر کی جنگ ایک ایسے وقت میں چھیڑی جب دلی کچھ سننے کو تیار تھی پھر جب الحاق والوں کو غلبہ حاصل ہوا تو دلی نے ہمارے اندر سے اخوان کو جنم دیکر حزب المجاہدین اور جماعت اسلامی کا قتل عام کرا کے میدان اپنے لئے ہموار کردیا حتی کہ بعض جہادی تنظیموں نے حزب سے اخوان کی آڑ میں حساب چکادیا۔ گویا پھر ایک بار ہم ہی قتل ہوئے اور ہمارے ہی خون سے کشمیر لالہ زار ہوا مگر اس دفعہ یہ کام کسی غیر ریاستی باشندے یا تنظیم نے نہیں بلکہ خود کشمیریوں نے انجام دیا اور کئی سال گذر جانے کے بعد ہمیں اس بات کا احساس ہوا کہ ہمیں یہ نہیں کرنا چاہیے تھا، یہ کرنا چاہیے تھا۔

1990ء سے لیکر 2017ء تک ہم نے بار بار پرانی غلطیاں نئے انداز میں دہرا کر آپ اپنی بربادی کا سامان پیدا کیا اور آج ہم دوبارہ ایک دوسرے سے الجھ کر آپ اپنی تباہی کا آغاز کرنے جا رہے ہیں اور وہ ہے کشمیر کی نوجوان پود کا کشمیر پولیس کے تئیں شدت کے ساتھ بڑھتی ہوئی نفرت۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کا آغاز کب کیسے اور کیوں ہوا؟ میں سمجھتا ہوں ہمیں نوے کے عشرے کو یاد کرنا چاہیے جب کشمیر پولیس قدم قدم پر اپنی قوم کے ساتھ کھڑی تھی حتی کہ ایک موقعہ پر پولیس نے اعلانِ بغاوت کرتے ہوئے دلی پر لرزہ طاری کردیا۔ حق یہ ہے کہ دلی کے پالیسی ساز اداروں نے اعلانا اور میڈیا کے سامنے اعتراف کرتے ہوئے "کونٹر انسر جنسی" کا وہی فارمولہ کشمیر میں اپنایا جو اس نے اپنی بیشتر ریاستوں میں اپنا کر کامیابی حاصل کی تھی کہ کشمیری کو کشمیری کے خلاف کھڑا کردیا جائے۔ اور دو مہینہ قبل اس بات کا انکشاف ہوا کہ ڈوول ڈاکٹرائین کے تحت اب مرکزی وزارت داخلہ کشمیر میں اخوان اور "ایس، او، جی" کو دوبارہ کھڑا کر کے اس پروگرام کے حوالے سے سنجیدہ ہے تو دوسری جانب حالات اس رُخ پر پہلے سے اس سطح تک پہنچ چکے ہیں کہ بس پیٹرول کو ایک کمزور شعلے کی ہی ضرورت ہے کہ یہ آگ پھر سے بھڑک اٹھے گی اور ہم پھر خاک وخون میں فنا ہو کر بھسم ہو جائیں گے۔

کشمیر پولیس کے اندر بھی بعض "افسران" پر حملے کے بعد بے چینی اور اضطراب بڑھتا جا رہا کہ آخر وہ اسی سماج کا حصہ ہیں انہیں یہی مرنا ہے اور انہوں نے یہی جنم لیا ہے۔ مگر سوال پیدا ہوتا کہ کیا کشمیر پولیس ایک صحت مند باشمیر فورس کی طرح آپ اپنا محاسبہ کرنے کی ہمت کرے گی؟ کیا وہ آپ اپنا چہرہ آئینے میں دیکھ کر دوسروں کو کوسنے اور تنقید کا نشانہ بنانے سے پہلے اپنا احتساب کرنا گوارا کرے گی؟ کبھی نہیں۔۔۔اس لئے کہ قادر گاندربلی سے لیکر 2017ء تک اس نے کبھی بھی کشمیری قوم کو یہ کامیاب تاثر دینے کی کوشش نہیں کی کہ آپ ہمارے ہو۔ 1990ء لیکر 2017ء تک جب بھی کشمیر کا بوڑھا یا نوجوان تھانے پر کسی بھی مسئلے کو لیکر گیا واپسی پر اس نے دوبارہ تھانے کا رخ نہ کرنے کی قسم کھالی آخر کیوں؟ عسکریت اور تحریک کو چند لمحات کے لئے ایک طرف رکھ کر کیا ہم بحیثیت قوم یہ پوچھنے کا حق نہیں رکھتے ہیں کہ کشمیر پولیس اگر ایک قومی ادارہ ہے تو اس کو مین اسٹریم نے ہمیشہ اپنے مخالفین کے لئے استعمال کیوں کیا؟ بقول سید علی شاہ گیلانی کیا اس فورس کو نیشنل کانفرنس نے اپنی عسکری ونگ کے طور پر اپنے دور اقتدار میں استعمال نہیں کیا؟ مسلم متحدہ محاذ کو ہرانے اور ممبران کو جیلوں میں ٹھونسنے کے لئے کشمیر پولیس استعمال نہیں ہوئی؟ آخر پبلک سیفٹی ایکٹ کے بے مہابا استعمال کا سہرا کس کے سر باندھا جائے؟ عرصہ دراز تک کشمیری قوم یہ سمجھتی رہی کہ کشمیر پولیس اور ایس او جی دو الگ الگ فورسز ہیں وہ باریک سا فرق کیوں ختم ہوا؟ ایس، او، جی نے جے آئی سیز سے لیکر اپنے مخصوص کیمپوں تک سب "بے گناہوں اور با گناہوں" کو جس طرح خوار کیا اس پر کشمیر پولیس کس کس کو مطمئن کر پائے گی حتی کہ اب ریاست کے مقبول ترین سیاسی رہنما سید علی گیلانی، میر واعظ عمر فاروق اور محمد یاسین ملک تک عرصہ دراز سے جموں و کشمیر کو ایک پولیس اسٹیٹ قرار دے رہے ہیں اور یہ الزام نہیں بلکہ وہ سچائی ہے جس سے وہ انکار نہیں کر سکتے ہیں اس لئے کہ کشمیر پولیس کے نامی افسروں نے اپنے دور میں اسٹارز اور ترقی کے حصول کے لئے وہ سب کچھ کیا جس کی جرات کبھی بھی فوج کو نہیں ہوئی۔ جو پولیس افسران گذشتہ اٹھائیس برس میں بڑے بڑے پوسٹوں سے ریٹائر ہوئے ہیں کیا ان کو پوری شہرت صرف قتل وغارت گری اور تشدد کے طفیل حاصل نہیں ہوئی ہے؟

کشمیر پولیس افسران کے گھروں پر حملوں کے بعد اس بات کا اندیشہ جنم لے چکا ہے کہ کہیں یہ صورتحال گمبھیر رُخ اختیار نہ کر کے "سول وار یا خانہ جنگی" جیسی صورتحال کو جنم دینے کا باعث نہ بنے اس لئے کہ کشمیر پولیس کا ماضی اور حال نہ صرف یہ کہ حکومتوں کے لئے آلہ کاروں کے طور پر کام کرتا رہا بلکہ اس نے حکمرانوں کے اشاروں پر ہمیشہ ان کے مخالفین کو نشانہ بنایا ہے۔ نام ظاہر نہ کرنے کے شرط پر افسران کا کہنا ہے کہ ہم خود ایک طرح سے بے بس ہیں نہ نوکری چھوڑنے کی پوزیشن میں ہیں اور نا ہی حکام بالا کے احکام کی خلاف ورزی کرنے کا "فورس" میں کوئی آپشن موجود ہوتا ہے ایسے میں ہم کریں تو کیا کریں؟ بلکہ عام سپاہی کی پوزیشن اور بھی قابل رحم ہوتی ہے۔ پولیس میں کشمیری مسلمانوں کی تعداد اتنی کم نہیں ہے کہ ان کے مسائل کو سطحی طور پر نظرانداز کردیا جائے اگر معاملات اسی طرح آگے بڑھتے رہے تو مستقبل میں نہ صرف یہ کہ عسکریت پسندوں اور پولیس کے درمیان تناؤ اور اختلافات بڑھتے رہیں گے بلکہ اس کے تباہ کن اثرات کشمیر کے سماج پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں ان حالات کا مشاہدہ ہم نے 2016ء میں اس وقت بھی اچھی طرح کیا ہے جب عوامی سیلاب میں عسکری نوجوانوں کے ساتھ بعض آزادی پسند لیڈران نے پولیس کو نوکری چھوڑنے کا مشورہ دیا حتی کہ بعض مقامات پر بعض مقررین نے اساتذہ اور ڈاکٹروں تک کو اجتماعی استعفوں کا مطالبہ کرتے ہوئے سراسیمگی پیدا کردی۔

ذرا سی بات کا ہے کہ اگر حالات مستقبل میں کبھی بھی 2016ء کی طرح خراب ہو گئے تو پولیس کے لئے اور زیادہ مشکلات پیدا ہو سکتے ہیں اس لئے کہ اس وقت سماجی سطح پر جو غصہ پولیس کے خلاف پیدا ہو چکا ہے وہ کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ پولیس کے افسران بالا میں بہت سارے غیر ریاستی ہیں انہیں نہ ہی مقامی حالات کا اندازہ ہے اور نہ ہی وہ کشمیری افسر یا عام سپاہی کے گمبھیر مسائل سے واقف ہیں۔ دلی والوں کی خودغرضی کا عالم یہ ہے کہ انہیں "کشمیری بکروں" سے زیادہ کسی بھی بات سے کوئی دلچسپی نہیں ہے انھوں نے کشمیری پولیس کو کشمیری عسکریت پسند کے سامنے کھڑا کر کے گویا بھارت کی بہت بڑی خدمت انجام دی ہے انہیں یہاں رواں تحریک کو دبانے کے سوا کسی بھی اشو سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ ان کی عقل، ذہانت، سیاست، تعلیم صحت، میڈیا اور وزارت داخلہ سے لیکر خارجہ تک صرف اور صرف "کشمیر کے اٹوٹ انگ" کے فارمولے کے ارد گرد ہی گھومتی نظر آتی ہے۔ ایسے میں گھوم پھیر کے "مسئلہ" کشمیریوں ہی کی طرف پلٹ کر واپس آتا ہے۔ کشمیریوں کے بیچ پہلے سے موجود شدید اختلافات میں خلیج اتنی زیادہ پیدا ہو چکی ہے کہ اس کو بیانات اور مضامین سے پاٹا نہیں جاسکتا ہے بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ جانبین اس مسئلے کے نتائج پر گہرے غور وفکر کے بعد ممکنہ طور پر ایک ایسی فضا پیدا کریں جن میں دشمنی کا موجودہ درجہ حرارت ختم نہ صحیح بلکہ کم ہو جائے ورنہ وہ دن دور نہیں ہے جب کشمیر میں یہ صورت حال قتل عام کے لئے میدان ہموار کردے گی۔

میں ذاتی طور پر جغرافیائی تنگنائیوں کا قائل نہیں ہوں مگر سچائی یہ ہے کہ انکار کے باوجود پوری دنیا لفظی کی حد تک میرے ساتھ کھڑی تو ہے پر گلوبلائزیشن کے تمام تر دعووں کے برعکس وہ سرحدوں، ملکوں، ریاستوں، صوبوں اور اپنے اپنے علاقوں میں مقید ہے اور ہر ایک پہلے اپنی ذات، اپنے وطن اور ملک کا مفاد مقدم رکھتا ہے حتی کہ وہ امت مسلمہ بھی جس کو "الارض للہ والحکم للہ" کی تعلیم دی گئی تھی ٹکڑوں میں بٹ کر اپنے وطن کو اپنی کائنات قرار دیکر قناعت کی چادر اوڑھے شاکر نظر آتی ہے۔ مقامی پولیس کو بھی یہ سمجھ لینا چاہیے کہ جس طرح مہاراشٹری، کرناٹکی، ہریانوی، پنجابی اور ہماچلی اپنی ریاست کے مفاد کو عزیز اور مقدم رکھتا ہے کشمیر پولیس کا آفیسر اور سپاہی کیوں نہیں؟ کیا مرکز کی خوشنودی کے لئے ہم ہر صورت میں اپنی ہی قوم کی قربان کردیں گے؟ قربان کرتے کرتے اب ستر برس گزر چکے مگر "نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم" کے مصداق کشمیری ہر دربار میں بے بھروسہ ہی ثابت ہوا۔ "کام لو اور پھینکو" کی ایک نہیں ہزاروں مثالیں ہمارے گرد وپیش میں ہمارا منہ چڑا رہی ہیں، مگر ہم ہیں کہ کبھی بھی حالات وواقعات سے نصیحت حاصل نہیں کرتے ہیں۔ آخر ہم نے ہی اپنے وطن، قوم اور ملت کو ذلیل اور حقیر کرنے کا ٹھیکہ کیوں لیا ہے آخر ہم نے، یہی جنم لیا ہے یہی پلے بڑے اور یہی دفن ہونا ہے اور اسی سرزمین سے دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے دربار میں حاضر ہو کر اپنے کئے کرائے کا جواب دینا ہے تو ہمارے ہاں وطن پہلی ترجیح کیوں نہیں ہے؟ آخر اس سرزمین کا بھی ہمارے اوپر حق ہے اور اس مظلوم قوم کو بھی ہم سے امیدیں وابستہ ہیں جب آج آپ اور میں اس کے لئے اور آنے والی نسلوں کی فلاح و بہبود کے لئے غور وفکر سے کام نہیں لیں گے تو کیا یہ کام بھی دلی اور اسلام آباد، نیویارک یا لندن کے باسی انجام دیں گے نہیں اور یقیناً نہیں تو آخر کب؟ کیا تب؟ جب سر سے پانی گزر کر پوری قوم ڈوب جائے گی! یا تب جب ہماری لاشیں اٹھانے والا روتا بلکتا آپ کا اور میرا بیٹا ہماری عقل ودانش پر ماتم کرتے ہوئے ہمارے لئے بددعا کرے گا۔ آخر ہم ہر کام آنے والی نسلوں کے لئے ایک ناسور کی طرح کیوں ترکے میں چھوڑ رہے ہیں؟ ہم اپنی ذمہ داریوں سے کیوں بھاگتے ہیں؟ ذمہ داریوں سے بھاگنا نکمے لوگوں کا کام ہوتا ہے بہادر، غیور اور عقل و دانش والی قوم کا نہیں۔ ہمیں اپنے عمل سے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ ہم نہ نکمے ہیں نا ہی ذمہ داریوں سے بھاگنے والی قوم۔ لہٰذا ابھی وقت ہے کہ قوم کا استاد، عالم، وکیل ڈاکٹر، صحافی، قلمکار، تاجر، مزدور، سیاستدان، لیڈر، بیوروکریٹ اور پولیس آفیسر آپ اپنا محاسبہ کرتے ہوئے قوم کی ڈوبتی کشتی کو ساحل مراد تک پہنچانے کے لئے مثبت انداز میں سوچنے اور کام کرنے کا آغاز کرے ایسا نا ہو کہ دیر ہو جائے اور سول وار کی جانب تیزی کے ساتھ بڑھتے حالات کے نتیجے میں قتل عام کا دروازہ کھل جائے۔ (بشکریہ Bitter Truth)

ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارلیمانی انتخابات میں بازی مار لی

ریاست میں گورنر راج نافذ اور تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے بات چیت شروع کرنے کا مطالبہ

سرینگر/"پارلیمانی انتخابات میں جیت کی ہیٹ ٹرک مکمل" کرتے ہوئے ضمنی چناؤ میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے قریبی مدمقابل پی ڈی پی کے اُمیدوار نذیر احمد خان کو زائد از 10 ہزار ووٹوں سے پچھاڑ دیا جبکہ باقی 7 اُمیدوار نوٹا کے حاصل کردہ ووٹوں سے بھی پیچھے رہے۔ اُدھر 3 مرتبہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق نے لگ بھگ 3 سال بعد کسی الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے کے فوراًبعد صدر ہند سے جموں وکشمیر میں گورنر راج نافذ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے اعلان کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنے کیلئے ہندوپاک اور کشمیری مزاحمتی قیادت سمیت بھی متعلقین کیساتھ بات چیت کا سلسلہ شروع کریں گے۔ جیت کے بعد مستعفی ہونے کی افواہوں کو ذکارتے ہوئے ڈاکٹر فاروق نے کہا میں نے کبھی ایسا نہیں کہا اور نہ میں ایسا کرنے والوں ہوں۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق 9 اپریل کو بائیکاٹ کال کے سائے اور 8 عام شہریوں کی ہلاکت کے بیچ ہوئے سرینگر پارلیمانی نشست کیلئے ہوئی پولنگ اور 13 اپریل کو 38 پولنگ مراکز پر ہوئی دوبارہ پولنگ کا نتیجہ سنیچر وار کو بعد دوپہر سامنے آ گیا۔ سنیچر کی صبح ایس کے آئی سی سی میں ضمنی پارلیمانی چناؤ کے تحت ڈالے گئے 7 اعشاریہ 2 فیصد یعنی ایک لاکھ سے بھی کم ووٹوں کی گنتی کا عمل شروع کیا گیا۔ تین اضلاع پر مشتمل سرینگر پارلیمانی سیٹ کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کا عمل ڈیڑھ درجن سے زیادہ مراحل یا راؤنڈوں پر محیط تھا۔ 1980 اور 2009 میں اس نشست پر کامیابی حاصل کر چکے تین مرتبہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ووٹ شماری کے پہلے راؤنڈ سے ہی اپنے قریبی مدمقابل پی ڈی پی اُمیدوار نذیر احمد خان پر برتری حاصل کرنا شروع کیا، اور یہ سلسلہ آخری راؤنڈ تک جاری رہا۔ ایس کے آئی سی سی میں موجود کے این ایس نمائندے کے مطابق گرچہ یہاں کوئی خاص گہما گہمی نہیں تھی لیکن اسبات پر لوگوں کی توجہ ضرور مرکوز تھی کہ اس مرتبہ کون سرینگر پارلیمانی نشست پر جیت درج کرے گا۔ ایک کے بعد ایک راؤنڈ کے تحت ووٹوں کی گنتی ہوتی رہی اور ڈاکٹر فاروق کی حاصل کردہ برتری میں کبھی اضافہ تو کبھی تھوڑی کمی آتی رہی تاہم کسی بھی مرحلے یا کسی بھی ایک راؤنڈ میں نذیر خان کو برتری حاصل نہیں ہوسکی۔ ووٹ شماری کے آخری کچھ راؤنڈوں کے دوران لگا کہ شاید نذیر احمد خان اپنے مدمقابل کی برتری کو کم کرتے ہوئے آگے نکلیں گے لیکن ایسا نہیں ہو سکا بلکہ آخری کچھ راؤنڈوں میں معمولی اتار چڑھاؤ ہی دیکھنے کو ملا۔ کشمیر نیوز سروس نمائندے کے مطابق بالآخر 16 اور 17 ویں راؤنڈ کی ووٹ شماری کے دوران بھی جب ڈاکٹر فاروق کی برتری نہ صرف قائم رہی بلکہ اس میں اضافہ بھی ہوتا چلا گیا تو یہ بات واضح ہوگئی کہ تین مرتبہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور دو مرتبہ کے سابق ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی سرینگر پارلیمانی نشست پر کامیابی کی ہیٹ ٹرک یقینی ہے۔ گرچہ ووٹوں کی زیادہ بہت زیادہ نہیں بلکہ کل ووٹوں یعنی 12 لاکھ 61 ہزار 397 میں سے صرف 7 اعشاریہ 2 فیصد یعنی ایک لاکھ سے بھی کم ووٹوں 89 ہزار 865 کی گنتی کرنا تھی لیکن ایک ایک ووٹ بڑی باریک بینی کیساتھ شمار کیا گیا، جن میں مہاجر پنڈتوں کی جانب سے جموں، اودھم پور اور نئی دہلی میں قائم کردہ پولنگ مراکز پر ڈالے گئے 974 ووٹ بھی شامل تھے۔ خیال رہے ضمنی چناؤ کے پہلے مرحلے میں سرینگر لوک سبھا نشست کیلئے 9 اپریل کو ہوئی پولنگ کے اختتام پر ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر شانت مانو کا نامہ نگاروں کے سامنے کہنا تھا کہ لگ بھگ 72 ہزار مائیگرنٹ ووٹروں میں سے صرف 971 نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا جبکہ کل ملا کر اس نشست کیلئے 6 اعشاریہ 5 فیصد ووٹنگ ہوئی۔ کے این ایس کے مطابق 15 اپریل بروز سنیچر وار کو جب سری نگر پارلیمانی حلقہ کیلئے ڈالے گئے کل تقریباً 90 ہزار ووٹوں کی گنتی شروع ہوئی تو مختلف مراحل میں کی گئی ووٹ شماری کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ مائیگرنٹ یا مہاجر پنڈتوں نے بھی الیکشن بائیکاٹ کا دانستہ یا غیر دانستہ طور ساتھ دیا ہے کیونکہ مشینوں سے مہاجر پنڈتوں کے کل 974 ووٹ ہی نکلے جو کہ ان کے کل ووٹوں مہاجر ووٹوں کی صرف 1.38 فیصد کے لگ بھگ شرح بنتی ہے۔ کے این ایس کے مطابق ووٹ شماری کے بھی راؤنڈ مکمل ہونے کے بعد یہ اعلان کیا گیا کہ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق نے کل 48 ہزار 557 ووٹ حاصل کئے ہیں جبکہ اُنکے قریبی مدمقابل پی ڈی پی کے نامزد اُمیدوار نذیر احمد خان کو کل 37 ہزار 779 ووٹ ملے ہیں۔ اس طرح سے ڈاکٹر فاروق کو نذیر احمد خان کے مقابلے میں 10 ہزار 775 ووٹوں کے فرق سے کامیاب قرار دیا گیا۔ معلوم ہوا کہ باقی 7 اُمیداروں کی ضمانت تو ضبط ہوگئی لیکن اسکے ساتھ ساتھ وہ بھی نوٹا کے تحت ڈالے گئے کل ووٹوں سے بھی پیچھے رہے۔ ادھر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق نے لگ بھگ 3 سال بعد کسی الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے کے فوراًبعد صدر ہند سے جموں وکشمیر میں گورنر راج نافذ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے اعلان کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنے کیلئے ہندوپاک اور کشمیری مزاحمتی قیادت سمیت بھی متعلقین کیساتھ بات چیت کا سلسلہ شروع کریں گے۔ جیت کے بعد مستعفی ہونے کی افواہوں کو ذکارتے ہوئے ڈاکٹر فاروق نے کہا میں نے کبھی ایسا نہیں کہا اور نہ میں ایسا کرنے والوں ہوں۔ پارٹی ہیڈ کوارٹر نوائے صبح کمپلیکس واقع نیوز یرو برج سرینگر میں نامہ نگاروں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر فاروق نے جیت کے ماحول میں کہا کہ جن لوگوں نے اپنی زندگیوں کو خطرے میں ڈالکر مجھے ووٹ دیا میں اُنکا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مخلوط سرکار ضمنی چناؤ کیلئے سازگار ماحول بنانے اور معقول سیکورٹی اقدامات اُٹھانے میں ناکام رہی۔ ڈاکٹر فاروق نے کہا کہ اب مخلوط سرکار کو بر اسراقتدار رہنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں ہے، اسلئے بقول فاروق عبداللہ میں صدر ہند سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اننت ناگ پارلیمانی نشست کیلئے ہو رہے ضمنی چناؤ سے قبل ہی ریاست میں گورنر راج نافذ کردیں۔ نو منتخب ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر فاروق نے مسئلہ کشمیر کے حل کو لازمی قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس مسئلے کا پُر امن حل تلاش کرنے کیلئے بھارت اور پاکستان کے علاوہ حریت قیادت کیساتھ بھی بات کریں گے۔ ڈاکٹر فاروق کا کہنا تھا کہ وہ مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنے کیلئے ہندوپاک اور کشمیری مزاحمتی قیادت سمیت بھی متعلقین کیساتھ بات چیت کا سلسلہ شروع کریں گے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مذاکراتی عمل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان دونوں پڑوسیوں میں بات چیت کا عمل بحال کرنے کیلئے مجھ سے جتنا ہوگا میں کام کروں گا۔ اس کے علاوہ بھی مکتبہ فکر کے لوگوں کا اتحاد کرانا میرا مشن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری قوم اس وقت مصائب اور مشکلات کے دلدل میں مبتلا ہے، ایسے میں آپسی اتحاد اور ہندو پاک مذاکرات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ گرفتار کئے گئے نوجوانوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق نے کہا کہ نوجوان کی پکڑ دھکڑ، مار پیٹ، خوف وہراس، توڑ پھوڑ اور چھاپہ مار کارروائیاں فوری طور پر بند ہونی چاہئیں۔ فوجی جیپ پر نوجوان کو باندھ کر دیہات میں گھمانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ ایسے اقدامات سے جمہوری نظام کیلئے بدنما داغ ہیں اور ایسے واقعات سے ایسی آگ لگ سکتی ہے، جس پر کنٹرول پانا ناممکن ہے۔

بھارتی حکمرانوں کو "انسانیت"، "جمہوریت" اور "کشمیریت" کے کھوکھلے نعروں پر خود کوئی یقین نہیں/سیدعلی گیلانی

سرینگر/سید علی گیلانی نے چاڈورہ میں سی آر پی ایف اہلکاروں کو مقامی نوجوانوں کے ذریعے بحفاظت سڑک تک پہنچانے اور بیروہ میں ایک کشمیری نوجوان کو آرمی جیپ سے باندھنے کے واقعات کا موازانہ کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری انسانیت، جمہوریت اور اعلیٰ اخلاقی قدروں پر یقین رکھنے والی قوم ہے، جبکہ بھارت "انسانیت"، "جمہوریت" اور "کشمیریت" کے کھوکھلے نعروں کے ساتھ بدترین قسم کی ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور اس ملک کے حکمرانوں کو ان نعروں پر خود کوئی یقین اور عمل نہیں ہے۔ انہوں نے بھارت کے سابق وزیر دفاع مسٹر منوہر پاریکر کے اس بیان کی نفی کی، جس میں موصوف نے مسئلہ کشمیر کو اُلجھی ہوئی پہیلی کہہ کر اس کے حل کو کافی مشکل قرار دیا ہے۔ آزادی پسند راہنما نے کہا کہ بھارتی حکمران کشمیریوں کے بنیادی اور پیدائشی حقوق کو واگزار کرائیں، تو مسئلہ کشمیر آسانی کے ساتھ حل ہوجائے گا اور یہ صرف بھارت کی ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے الجھا ہوا اور حل طلب ہے۔ کے این ایس کو موصولہ بیان کے مطابق تحریک حریت کے اہتمام اور "سید علی گیلانی بلڈ بینک" کے بینر تلے حیدر پورہ میں خون کے عطیے کے کیمپ کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے حریت (گ) چیئر مین سید علی گیلانی نے مذکورہ بلڈ بینک کے اغراض ومقاصد پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی اور کہا کہ یہ کسی خاص مذہب، گروہ یا جماعت کے لوگوں کے لیے مختص نہیں، بلکہ ہم اس کے ذریعے سے ہر ضرورت مند کی مدد کرنا چاہتے ہیں اور بوقت ضرورت اس کو خون بہم پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ حریت راہنما نے کہا کہ آج جو خون عطیہ کرنے کا کیمپ لگایا گیا ہے، اس کی ضرورت 9/اپریل کو اس وقت محسوس ہوئی، جب الیکشن ڈرامے کے دوران 8/نوجوانوں کی شہادت کے ساتھ ساتھ 200 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع موصول ہوئی۔ مجھ پر اس خبر سے لرزہ طاری ہوگیا اور میں نے اپنے رفقاء کو خون جمع کرنے کے لیے کیمپ لگانے کی کی ہدایت کی، تاکہ اسپتالوں میں زیر علاج کسی زخمی کو اس سلسلے میں کوئی دقت درپیش نہ ہو۔ سید علی گیلانی نے اپنے خطاب میں ریاست کی موجودہ صورتحال پر اپنی گہری تشویش اور فکر مندی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کشمیریوں کی پُر امن تحریک کو طاقت کے ذریعے سے دبانے کی اپنی پالیسی پر مُصر ہے اور اس مقصد کے لیے نہتے لوگوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے جا رہے ہیں۔

اب کیوں گریہ وزاری کرتے ہو؟ ہاں بخدا البتہ تم اس کے سزاوار ہو کہ روو زیادہ اور ہنسو کم۔ تم اپنے امام علیہ السلام کے قتل میں ملوث ہو چکے ہو اور تم اس داغ کو کبھی دھو نہیں سکتے اور بھلا تم خاتم نبوت اور معدن رسالت کے سلیل (فرزند) اور جوانان جنت کے سردار، جنگ میں اپنے پشت پناہ، مصیبت میں جائے پناہ، منار حجت اور عالم سنت کے قتل کے الزام سے کیونکر بری ہو سکتے ہو۔ لعنت ہو تم پر اور ہلاکت ہے تمہارے لئے۔ تم نے بہت ہی برے کام کا ارتکاب کیا ہے اور آخرت کے لئے بہت برا ذخیرہ جمع کیا ہے۔ تمھاری کوشش رائیگاں ہوگئی اور تم برباد ہو گئے۔ تمہاری تجارت خسارے میں رہی اور تم خدا کے غضب کا شکار ہو گئے۔ تم ذلت و رسوائی میں مبتلا ہوئے۔ افسوس ہے اے اہل کوفہ تم پر، کچھ جانتے بھی ہو کہ تم نے رسول خداؐ کے کس جگر گوشہ کو پارہ پارہ کر دیا؟ اور ان کا کون سا خون بہایا؟ اور ان کی کون سی ہتک حرمت کی؟ اور ان کی کن مستورات کو بے پردہ کیا؟ تم نے ایسے پست اعمال کا ارتکاب کیا ہے کہ آسمان گر پڑیں، زمین پھٹ جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ تم نے قتلِ امام ع کا سنگین جرم کیا ہے جو وسعت میں آسمان و زمین کے برابر ہے۔ اگر اس قدر بڑے گناہ پر آسمان سے خون برسے تو تعجب نہ کرو۔ یقیناً آخرت کا عذاب اس سے کہیں زیادہ سخت اور رسوا کن ہوگا۔ اور اس وقت تمہاری کوئی امداد نہ کی جائے گی۔ تمہیں جو مہلت ملی ہے اس سے خوش نہ ہو کیونکہ خداوند عالم بدلہ لینے میں جلدی نہیں کرتا اور اسے انتقام کے فوت ہو جانے کا خدشہ نہیں ہے۔ یقیناً تمہارا خدا اپنے نافرمان بندوں کی گھات میں ہے۔

۲۔ دربار یزید میں حضرت زینب س کا خطبہ:

بسم الله الرحمن الرحیم

سب تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جو کائنات کا پروردگار ہے۔ اور خدا کی رحمتیں نازل ہوں پیغمبر اکرم (ص) پر اور ان کی پاکیزہ عترت و اہل بیت (ع) پر۔ اما بعد! بالآخر ان لوگوں کا انجام برا ہے جنہوں نے اپنے دامن حیات کو برائیوں کی سیاہی سے داغدار کر کے اپنے خدا کی آیات کی تکذیب کی اور آیات پروردگار کا مذاق اڑایا۔ اے یزید! کیا تو سمجھتا ہے کہ تو نے ہم پر زمین کے گوشے اور آسمان کے کنارے (زمین و آسمان) تنگ کر دیئے ہیں اور کیا آلِ رسول (ص) کو رسیوں اور زنجیروں میں جکڑ کر دربدر پھرانے سے تو خدا کی بارگاہ میں سرفراز اور ہم رسوا ہوئے ہیں؟۔ کیا تیرے خیال میں ہم مظلوم ہو کر ذلیل ہو گئے اور تو ظالم بن کر سر بلند ہوا ہے؟۔ کیا تو سمجھتا ہے کہ ہم پر ظلم کر کے خدا کی بارگاہ میں تجھے شان و مقام حاصل ہو گیا ہے؟۔ آج تو اپنی ظاہری فتح کی خوشی میں سرمست ہے اور ناک بھوں چڑھاتا ہوا مسرت و شادمانی سے سرشار ہو کر اپنے غالب ہونے پر اترا رہا ہے۔ اور زمامداری (خلافت) کے ہمارے مسلمہ حقوق کو غصب کر کے خوشی و سرور کا جشن منانے میں مشغول ہے۔ اپنی غلط سوچ پر مغرور نہ ہو اور ذرا دم لے۔ کیا تو نے خدا کا یہ فرمان بھلا دیا ہے کہ حق کا انکار کرنے والے یہ خیال نہ کریں کہ ہم نے انہیں جو مہلت دی ہے وہ ان کے لئے بہتر ہے۔ بلکہ ہم نے انہیں اس لئے ڈھیل دے رکھی ہے کہ جی بھر کر اپنے گناہوں میں اضافہ کر لیں۔ اور ان کے لئے خوفناک عذاب معین و مقرر کیا جا چکا ہے۔

اے طلقاء کے بیٹے (آزاد کردہ غلاموں کی اولاد) کیا یہ تیرا انصاف ہے کہ تو نے اپنی مستورات اور لونڈیوں کو چادر اور چار دیواری کا تحفظ فراہم کر کے پردے میں رکھا ہوا ہے جبکہ رسول زادیوں کو سر برہنہ در بدر پھرا رہا ہے۔ تو نے مخدرات عصمت کی چادریں لوٹ لیں اور ان کی بے حرمتی کا مرتکب ہوا۔ تیرے حکم پر اشقیاء نے رسول زادیوں کو بے نقاب کر کے شہر بہ شہر پھرایا۔ تیرے حکم پر دشمنان خدا، اہل بیت رسول (ص) کی پاکدامن مستورات کو ننگے سر لوگوں کے ہجوم میں لے آئے۔ اور لوگ رسول زادیوں کے کھلے سر دیکھ کر ان کا مذاق اڑا رہے ہیں اور دور و نزدیک کے رہنے والے سب لوگ ان کی طرف نظریں اٹھا اٹھا کر دیکھ رہے ہیں۔ ہر شریف و کمینے کی نگاہیں ان پاک بی بیوں کے ننگے سروں پر جمی ہیں۔

آج رسول زادیوں کے ساتھ ہمدردی کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ آج ان قیدی مستورات کے ساتھ ان کے مرد موجود نہیں ہیں جو ان کی سرپرستی کریں۔ آج آلِ محمد کا معین و مددگار کوئی نہیں ہے۔ اس شخص سے بھلائی کی توقع ہی کیا ہو سکتی ہے جو اس خاندان کا چشم و چراغ ہو جس کی بزرگ خاتون (یزید کی دادی) نے پاکیزہ لوگوں کے جگر چبا کر تھوک دیا۔ اور اس شخص سے انصاف کی کیا امید ہو سکتی ہے جس کا گوشت پوست شہیدوں کے خون سے بنا ہو۔ وہ شخص کس طرح ہم اہل بیت پر مظالم ڈھانے میں کمی کر سکتا ہے جو بغض و عداوت اور کینے سے بھرے ہوئے دل کے ساتھ ہمیں دیکھتا ہے۔ اے یزید! کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ تو اتنے بڑے جرم کا ارتکاب کرنے اور اتنے بڑے گناہ کو انجام دینے کے باوجود فخر و مباہات کرتا ہوا یہ کہہ رہا ہے کہ آج اگر میرے اجداد موجود ہوتے تو ان کے دل باغ باغ ہو جاتے اور مجھے دعائیں دیتے ہوئے کہتے

کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

اے یزید! کیا تجھے حیا نہیں آتی کہ تو جوانانِ جنت کے سردار حسین ابن علیؑ کے دندان مبارک پر چھڑی مار کر ان کی بے ادبی کر رہا ہے۔

اے یزید، تو کیوں خوش نہ ہو اور فخر و مباہات کے قصیدے نہ پڑھے کیونکہ تو نے اپنے ظلم و استبداد کے ذریعے ہمارے دلوں کے زخموں کو گہرا کر دیا ہے اور شجرہ طیبہ کی جڑیں کاٹنے کے گھناونے جرم کا مرتکب ہوا ہے۔

تو نے اولاد رسول (ص) کے خون میں اپنے ہاتھ رنگین کئے ہیں۔ تو نے عبدالمطلب کے خاندان کے ان نوجوانوں کو تہہ تیغ کیا ہے جن کی عظمت و کردار کے درخشندہ ستارے زمین کے گوشے گوشے کو منور کیے ہوئے ہیں۔ آج تو آلِ رسول کو قتل کر کے اپنے بدنہاد (برے) اسلاف کو پکار کر انہیں اپنی فتح کے گیت سنانے میں منہمک ہے۔ تو عنقریب اپنے ان کافر بزرگوں کے ساتھ جا ملے گا اور اُس وقت اپنی گفتار و کردار پر پشیمان ہو کر یہ آرزو کرے گا کہ کاش میرے ہاتھ شل ہو جاتے اور میری زبان بولنے سے عاجز ہوتی اور میں نے جو کچھ کیا اور کہا اس سے میں باز رہتا۔

اس کے بعد حضرت زینب (س) نے آسمان کی طرف منہ کر بارگاہِ الٰہی میں عرض کی!

اے ہمارے کردگار حق، تو ہمارا حق ان ظالموں سے ہمیں دلا دے اور تو ہمارے حق کا بدلہ ان سے لے۔

اے پردگار تو ہی ان ستمگروں سے ہمارا انتقام لے۔ اور اے خدا تو ہی ان پر اپنا غضب نازل فرما جس نے ہمارے عزیزوں کو خون میں نہلایا اور ہمارے مددگاروں کو تہہ تیغ کر دیا۔

> اے یزید! تو نے جو ظلم کیا ھے اپنے ساتھ کیا ھے. تو نے کسی کی نھیں بلکه اپنی ھی کھال چاک کی ھے. اور تو نے کسی کا نھیں بلکه اپنا ھی گوشت کاٹا ھے. تو رسولِ خدا (ص) کے سامنے ایک مجرم کی صورت میں لایا جائے گا اور تجھ سے تیرے اس گھناونے جرم کی باز پرس ھو گی که تو نے اولادِ رسول کا خونِ ناحق کیوں بھایا اور رسول زادیوں کو کیوں دربدر پھرایا. نیز رسول (ص) کے جگر پاروں کے ساتھ ظلم کیوں روا رکھا۔

اے یزید! تو نے جو ظلم کیا ہے اپنے ساتھ کیا ہے۔ تو نے کسی کی نہیں بلکہ اپنی ہی کھال چاک کی ہے۔ اور تو نے کسی کا نہیں بلکہ اپنا ہی گوشت کاٹا ہے۔ تو رسولِ خدا (ص) کے سامنے ایک مجرم کی صورت میں لایا جائے گا اور تجھ سے تیرے اس گھناونے جرم کی باز پرس ہوگی کہ تو نے اولادِ رسول کا خونِ ناحق کیوں بہایا اور رسول زادیوں کو کیوں در بدر پھرایا۔ نیز رسول (ص) کے جگر پاروں کے ساتھ ظلم کیوں روا رکھا۔

اے یزید! یاد رکھ کہ خدا، آلِ رسول (ص) کا تجھ سے انتقام لے کر ان مظلوموں کا حق انہیں دلائے گا۔ اور انہیں امن و سکون کی نعمت سے مالا مال کر دے گا۔ خدا کا فرمان ہے کہ تم گمان نہ کرو کہ جو لوگ راہِ خدا میں مارے گئے وہ مر مٹ چکے ہیں۔ بلکہ وہ ہمیشہ کی زندگی پا گئے اور بارگاہِ الٰہی سے روزی پا رہے ہیں۔

اے یزید! یاد رکھ کہ تو نے جو ظلم آلِ محمد (ص) پر ڈھائے ہیں اس پر رسول خداؐ عدالتِ الٰہی میں تیرے خلاف شکایت کریں گے۔ اور جبرائیلِ امین آلِ رسول کی گواہی دیں گے۔ پھر خدا اپنے عدل و انصاف کے ذریعے تجھے سخت عذاب میں مبتلا کر دے گا۔ اور یہی بات تیرے برے انجام کے لئے کافی ہے۔

عنقریب وہ لوگ بھی اپنے انجام کو پہنچ جائیں گے جنہوں نے تیرے لئے ظلم و استبداد کی بنیادیں مضبوط کیں اور تیری آمرانہ سلطنت کی بساط بچھا کر تجھے اہل اسلام پر مسلط کر دیا۔ ان لوگوں کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ ستمگروں کا انجام برا ہوتا ہے اور کس کے ساتھی ناتوانی کا شکار ہیں۔

اے یزید! یہ گردش ایام اور حوادث روزگار کا اثر ہے کہ مجھے تجھ جیسے بدنہاد [برے انسان] سے ہمکلام ہونا پڑا ہے اور میں تجھ جیسے ظالم و ستمگر سے گفتگو کر رہی ہوں۔ لیکن یاد رکھ میری نظر میں تو ایک نہایت پست اور گھٹیا شخص ہے جس سے کلام کرنا بھی شریفوں کی توہین ہے۔ میری اس جرآت سخن پر تو مجھے اپنے ستم کا نشانہ ہی کیوں نہ بنا دے لیکن میں اسے ایک عظیم امتحان اور آزمائش سمجھتے ہوئے صبر و استقامت اختیار کروں گی اور تیری بدکلامی و بدسلوکی میرے عزم و استقامت پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔

